10جولائی2018

مالی سال18ء کے دوران بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے 19.62 ارب ڈالر کی ترسیلات بھیجیں

بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے مالی سال18ء میں19622.62 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے، جو اس میں 1.4 فیصد کی نمو کو ظاہر کرتا ہے جبکہ گذشتہ برس 19351.36 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

جون 2018ء میں کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 1594.41 ملین ڈالر رہی جو مئی 2018ء میں 1771.21 ملین ڈالر تھی۔ بلحاظ ملک جون 2018ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 336.61 ملین ڈالر 340.55ملین ڈالر،248.79ملین ڈالر،245.10 ملین ڈالر،163.53 ملین ڈالر، اور62.14 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے، جبکہ جون 2017ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 438.07 ملین ڈالر،414.25 ملین ڈالر،265.52ملین ڈالر، 252.50 ملین ڈالر، 232.89 ملین ڈالر اور56.97 ملین ڈالر تھیں۔ جون 2018ء میں ملائشیا، ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 197.69 ملین ڈالر رہیں جبکہ جون 2017ء میں ان ملکوں سے 180.04 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

****